سوال

(212) میں استانی ہوں کیا طالبات کے سوالات کے جوابات دے سکتی ہوں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں ایک استانی ہوں انٹر میڈیٹ کالج سے میں نے اسلامک سٹڈیز میں سند فراغت حاصل کی ہے ۔ کچھ فقہی کتابوں کا بھی مطالعہ کیا ہے طالبات مجھ سے سوال کرتا ہیں توکیا اپنی معلومات کے مطابق بطریق قیاس واجتہاد--- حلال وحرام کے احکام میں مداخلت کئے بغیر--- میں ان کے سوالوں کے جواب دے سکتا ہوں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کتابوں کی طرف مراجعت اوراجتہاد کرنے کے بعدوہ جواب دو جس کے بارے میں ظن غالب یہ ہوکہ وہ صحیح ہے اوراس طرح سوالوں کے جواب دینے میں کوئی حرج نہیں جب کسی جواب کے بارے میں شک ہو اورواضح نہ ہوکہ صحیح جواب کیا ہے توکہہ دواس جواب کا مجھے معلوم نہیں اورطالبات سے یہ وعدہ کرلوکہ تحقیق کرکے اس کا جواب بتائوں گی پھر کتابوں کا مطالعہ کرو یا اہل علم سے اس کا جواب پوچھ لوتاکہ معلوم ہوجائے کہ صحیح جواب کیا ہے ،

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص38